اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

Version No.	4	0	3	1

وقت: 25 منٹ — **حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)**

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) شاہ حبیبؒ کی وفات 1731ء میں میاں نور محمد خاں کے عہدِ حکومت میں ہوئی، بتایئے اس وقت شاہ عبداللطیفؒ کی عمر کم وبیش کیا تھی؟
A پچیس سال — B **چوالیس سال** — C تینتیس سال — D بائیس سال

2) سبق ''کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ'' کی روشنی میں بتایئے نصوح کس مرض میں مُبتلا تھا؟
A ٹی بی — B **یرقان** — C ہیضہ — D سرطان

3) ڈراما ''اپنا اپنا راگ'' میں ثُریا کی بہن کا نام کیا تھا؟
A فاطمہ — B **شگفتہ** — C زینب — D اختر

4) '' دھنک پر قدم '' کس کا سفرنامہ ہے؟
A بیگم اختر ریاض الدین — B **محمد حسین آزاد** — C مستنصر حسین تارڑ — D خدیجہ مستور

5) حُقہ پیتا ہے شعر کہتا ہے
اور عاشق میں کیا بُرائی ہے ، یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
A مولانا ظفر علی خان — B **ناصر کاظمی** — C فراقؔ گورکھپوری — D چراغ حسن حسرتؔ

6) '' ریل'' قصرِ ظلمت پر مُسلسل کیا برساتی ہے؟
A پانی — B **آگ** — C تیر — D بارش

7) احسان دانشؔ کو کہا جاتا ہے:
A شاعرِ رُومان — B **مزدور شاعر** — C عوامی شاعر — D شاعرِ انقلاب

8) اکبرؔ الہ آبادی کے خیال میں یورپ کی لیڈیوں کو کس کی تلاش تھی؟
A نوکروں کی — B **شوہروں کی** — C عاشقوں کی — D دوستوں کی

9) نظم '' ہری بھری فصلو '' کا شاعر کون ہے؟
A انورؔ مسعود — B **نیازؔ سواتی** — C مجید امجد — D اسرار الحق مجازؔ

10) جو لوگ کرائے کے مکان میں رہتے ہیں ان کو کرسی کہاں لا کر دِکھا دیتی ہے؟
A ایوانوں میں — B **شہروں میں** — C محلوں میں — D بنگلوں میں

11) ہے اپنی یہ صلاح کہ سب __________ مصرع مکمل کیجیے۔
A زاہدانِ شہر — B **کاروانِ عشق** — C مہربان دوست — D قدردان لوگ

12) اقبالؒ کے نزدیک '' دردو سوز و آرزُومندی '' کیا ہے؟
A نعمت — B **احسان** — C مہربانی — D متاعِ بے بہا

13) خُلد میں ابلیس نے آدم کو گمراہ کیا تھا، اب آدم زاد کو کون گمراہ کرتا ہے؟
A شیطان — B **آدم زاد** — C بُرے لوگ — D دوست

14) '' غزلستان '' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
A میر دردؔ — B **غلام ہمدانی مصحفیؔ** — C فراقؔ گورکھپوری — D تابشؔ دہلوی

15) لالے کی حِنا بندی کون کرتا ہے؟
A عام لوگ — B **خاص لوگ** — C نسیمِ بہار — D فطرت

16) سوال پوچھنے کے موقع پر جو حُروف استعمال ہوتے ہیں انھیں کیا کہتے ہیں؟
A حروفِ عطف — B **حروفِ شرط** — C حروفِ استفہام — D حروفِ علت

17) رموزِ اوقاف سے مراد کیا ہے؟
A قواعد وانشا — B **علاماتِ وقف** — C علم البیان — D اصنافِ سُخن

18) '' نیا راگ ہے ساز بدلے گئے '' اس مصرع میں امدادی فعل کون سا ہے؟
A نیا راگ — B **گئے** — C بدلے — D ساز

19) ذیل میں سے دُرست جواب کی نشاندہی کیجیے۔
A تفصیلیہ (:-) — B **سکتہ (:)** — C سوالیہ (؟) — D ندائیہ (.....)

20) آپ بیتی سے مراد کیا ہے؟
A رُوداد لکھنا — B **خط لکھنا** — C داستانِ حیات — D جگ بیتی

اُردو (لازمی)   ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے   کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصّہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) قدیم انسان سائنسی معلومات کو کیوں محفوظ نہیں رکھ سکا؟

(ii) شہزادہ سلیم کی جنت کیا ہے اور جہنم کیا ہے اور کیوں ہے؟

(iii) فرحت اللہ بیگ نے مولوی وحید الدین سلیم کو نگینہ کیوں کہا ہے؟

(یا)

اقبالؔ نوجوان شاعر سے کیوں بیزار ہو گئے تھے؟

(iv) نظم '' فرضی لطیفہ '' کس کے بارے میں ہے اور کیوں؟

(v) شاعر کس بات پر تحیّر کا اظہار کرتا ہے؟ نظم '' آزادی '' کی روشنی میں جواب دیجیے۔

(vi) نسیم سحر نے کہاں سے اور کیسے خوشبو اڑا لی؟   (بحوالہ نظم۔اے نسیم بہشت)

(یا)

وکیل، مُدعی کو مکان کا قبضہ دلانے کے بعد خود وہاں کیوں مقیم ہے؟

(vii) عقل کی جو خوبی ہے وہ عشق کی خامی ہے۔اس سے اقبالؔ کی کیا مراد ہے؟

(viii) '' نہ گُل رہے گا چمن میں نہ خار ٹھہرے گا '' اس مصرع کی وضاحت کیجیے۔

(ix) '' کاریگیٔ اُستاد '' کون اور کیسے کرتا ہے؟

(یا)

بھری دُنیا میں ناصر کاظمی کا جی کیوں نہیں لگتا؟

(x) آنا، سکنا، ڈالنا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) ندائیہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

(یا)

رابطہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ اس کمرے میں دھوپ اور ہوا خوب ــــــــــــ آتے ہیں / آتی ہے۔

ب۔ اس کی بہن اور ساس دونوں آــــــــــــ گئے / گئیں۔

ج۔ قلم دوات یہاں ــــــــــــ رکھی ہے / رکھے ہیں۔

سوال نمبر۳۔ اپنے والد صاحب کے نام خط لکھ کر اپنی تعلیمی ضروریات کے لیے ان سے رقم طلب کیجیے۔   (8)

(یا)

ایک پرانے موٹر سائیکل کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ آگے آگے دو خواجہ سرا' پیچھے پیچھے چند یتیم بچے اور بیوہ لاوارثیں۔ جگر غم سے داغ داغ اور زبانیں ضبط سے چاک چاک' دلوں میں آہیں مگر منہ سے دعائیں دیتی شاہزادے کے سامنے آئی اور کہا اے فرزند اقبال بلند! اس چراغِ سحری کی دعا لے اور باپ فتح مند کی سلامتی میں ان بیواؤں اور یتیموں کی جان بخشی کر۔

ب۔ میں نے محسوس کیا کہ بادشاہی مسجد کی پراسرار و پُر وقار ضخامت و قدامت اور اس کی مخصوص فضا اور روایات ذہن و دماغ پر اس درجہ اور اتنا جلد مستولی ہو جاتی ہیں کہ ذہن کسی دوسری طرف منتقل ہونے کے قابل ہی نہیں رہ جاتا چنانچہ میرے دل میں بے اختیار اور بار بار یہی خیال آیا کہ اقبال کا مزار مستقل حیثیت سے کہیں اور ہونا چاہیے تھا جہاں اقبال کے تصور میں مزاحم ہونے والی کوئی اور چیز نہ ہوتی۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
اس کی چتون سحر آگیں اس کی باتیں دل ربا
چال اس کی فتنہ خیز' اس کی نگاہیں برق پاش
وہ فروغِ آتشِ رُخ جس کے آگے آفتاب
اس طرح جیسے کہ پیشِ شمع پروانے کی لاش

ب۔
دامنِ تاریکئ شب کی اُڑاتی دھجیاں
قصرِ ظلمت پر مسلسل تیر برساتی ہوئی
زد میں کوئی چیز آجائے تو اس کو پیس کر
ارتقائے زندگی کے راز بتلاتی ہوئی

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
آوازِ پا پہ دھیان رہا بس کہ تا سحر
جھپکی ذرا نہ آنکھ شبِ انتظار میں

ب۔
یہ کہاں کی دوستی ہے' کہ بنے ہیں دوست' ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا' کوئی غمگسار ہوتا

ج۔
مری مشاطگی کی کیا ضرورت حسنِ معنی کو
کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالے کی حنا بندی

د۔
کچھ ٹھوکریں تو کھا چمک اٹھیں گی منزلیں
پائے طلب کو فکرِ سلامت روی نہیں

ہ۔
طریقے ظلم کے صیّاد نے سارے بدل ڈالے
جو طائر اُڑ نہیں سکتا اُسے آزاد کرتا ہے

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ حُبِ وطن اور اس کے تقاضے

ب۔ میرا نصب العین

ج۔ اقبالؒ کا شاہین

د۔ لازمی فوجی تربیت

------2HS 1803-----